© rasailojaraid.com

تبصرے

تفسیر حقانی سورۂ فاتحہ | تقطیع کلاں۔ ضخامت ۸۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپیہ پتہ :۔ کتب خانہ نعیمیہ دیوبند ضلع سہارنپور۔

مولانا ابو محمد عبدالحق صاحب حقانی دہلوی بلند پایہ عالم اور قرآن مجید کے نامور مفسر تھے اسلامی علوم وفنون کے علاوہ کتب قدیمہ پر بھی ان کی گہری نظر تھی اور اُن کا دوسرے مذاہب وادیان کا مطالعہ بھی وسیع تھا۔ اس بنا پر اُن کی تفسیر حقانی اور اُس کا مقدمہ البیان فی علوم القرآن یہ دونوں کتابیں بہت مقبول ہوئیں۔ ایک زمانہ میں ان کی بڑی شہرت تھی اور گھر گھر چرچا تھا لیکن یہ تفسیر ادھر عرصہ سے نا پید تھی۔ کتب خانہ نعیمیہ دیوبند کی یہ کوشش لائق تحسین ہے کہ اس نے تفسیر کو پھر از سرِ نو چھاپنے کا ارادہ کیا ہے۔ چنانچہ زیرِ تبصرہ کتاب اس سلسلہ کی پہلی کڑی ہے اگرچہ مولانا ابو الکلام آزاد کی تفسیر سورۂ فاتحہ کے بعد اب اُردو میں اس سورۃ کی کسی اور تفسیر کا چراغ جلنا مشکل ہے تاہم اپنی بعض خصوصیات کے لحاظ سے یہ بھی قابل قدر اور مطالعہ کے لائق ہے۔ پوری تفسیر کی طباعت کا اگر انتظام ہو گیا تو اپنے وقت کی ایک عمدہ تفسیر ضائع ہونے سے بچ جائے گی۔

تفہیم القرآن | از جناب یعقوب علی صاحب عرفانی الاسدی تقطیع کلاں کتابت و طباعت بہتر، ضخامت ۱۷۰ صفحات قیمت ۲ پتہ :۔ دفتر الحکم عیدگاہ روڈ کراچی۔

لائق مؤلف نے قرآن مجید کے حقائق ومعارف پر ایک سلسلۂ تصنیفات شروع کیا ہے باقی حصص ہماری نظر سے نہیں گذرے۔ یہ کتاب اس سلسلہ کی سولھویں کڑی ہے اس میں پہلے قرآن مجید کی جو صفات بیان کی گئی ہیں۔ ان کی تشریح وتوضیح کی ہے۔ اس کے بعد قرآن مجید کے آداب یعنی قرات۔ طہارت۔ تلاوت تسمیہ و استعاذہ وغیرہ

© rasailojaraid.com